19/02/2025

12.30 PM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ضلع ادھمپور میں اس بار مشروم کی پیداوار 2 ہزار 5 سو کوئنٹل ہوئی ہے جس سے کسانوں کو تین کروڑ 15 لاکھ روپے کی آمدنی ہوئی ہے ۔

شوپیان

کرشی وِگیان کیندر شوپیان کی جانب سے Enterpreneur Development through Mushroom Cultivation عنوان کے تحت سات روزہ ہنر مندی پروگرام کل سے شروع ہو ا۔ پروگرام میں باغبانی ، زراعت، پشو پالن اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران اور سائنس دانوں نے شرکت کی ۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموںو کشمیر میں اس سال برف باری اور بارش کی کمی کے پیش نظر پانی کی قلت کا بحران پیدا ہو اہے جس سے نمٹنے کے لئے سرکار سنجیدگی سے غور کر رہی ہے ۔ انہوننے پانی کے تحفظ اور قلت کو دور کرنے کے لئے فعال نقطہ نظر کی ضرورت پر زور دیا ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے کہا کہ جل شکتی محکمہ اقدامات کا جائزہ لے گا ، ساتھ ہی لوگوں سے بھی اس □ورتحال کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا جائے گا ۔

کھیل وزیر

یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر کو آنے والے برسوں میں کھیلوں کے لئے ایک اہم مرکز بنانے کا عزم رکھتی ہے۔ وزیر مو□وف بھگوتی نگر جموں میں منعقدہ 18 ویں جے اینڈ کے وُشو چمپئین شپ کی اختتامی تقریب پر خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے 38 ویں قومی کھیلوں میں جموں کشمیر کے وُشو کے تما م تمغہ جیتنے والے کھلاڑیوں کو مبارک باد پیش کی ۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے ایس ایم جی آفس میں اسٹیٹ موٹر گیراجز جے اینڈ کے کی ریکوری وہیکل کا افتتاح کیا ۔ انہوں نے کہا کہ اس رِکوری گاڑی کو محکمہ کی طرف سے عام لوگوں کو کرایہ پر دے کر آمدنی حا□ل کی جا سکتی ہے ۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے ضلع سرینگر میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت جموں و کشمیر میں عوامی مسائل کو ترجیحی بنیاد پر حل کرنے میں سنجیدہ ہے ۔ وزیر مو□وفہ نے مرکزی اور یوٹی سرکار کی طرف سے چلائی جا رہی مختلف مالی معاونت والی اسکیموں کی عمل آوری کا بھی جائزہ لیا ۔

وی کے بردی

کی مشترکہ سیکورٹی تیاریوں کا CRPF کشمیر وی کے بردی نے اننت ناگ میں پولیس اور IGP ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس موقعہ پر مستقبل میں سیکورٹی چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے متعلقہ ایجنسیوں میں باہمی تعاون اور فعال اقدامات کی اہمیت پر زور دیا ۔

جنَک راج کوتوال

کلاسز کمیشن کے □در جسٹس جنَک راج Dedicated Backward جموں کشمیر لوکل باڈیز کوتوال نے بارہمولہ ، کپواڑہ اور بانڈی پورہ سے وابستہ پنچایت اور اربن لوکل باڈیز کے نمائندوں کمیونٹی کو در پیش مسائل کا جائزہ لیا ۔ OBC کے ساتھ بات چیت کی اور

وائلڈ لائف

وائلڈ لائف محکمے کی جانب سے وُلر کنزرویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی کے اشتراک سے ایشئین واٹر Bird Census آج سے شروع ہو رہا ہے ۔ اس Bird Census سے کشمیر کی آبگاہوں میں آنے والے مہمان پرندوں کی تعداد اور ان آبگاہوں کی ماحولیاتی توازن کے حوالے سے جانکاری ملتی ہے ۔

کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے کل ضلع میں غیر قانونی کان کنی سرگرمیوں کی روکتھام کے لئے بین محکمہ جاتی ضلع سطحی ٹاسک فورس DLTF کی میٹنگ کی □دارت کی ۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ کا ن کنی کی غیر قانونی سرگرمیوں کی روکتھام کے لئے زیادہ تال میل کے ساتھ کام کریں ۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلع کے مختلف طبی مراکز کے لئے بجلی ہاٹ لائنز کو منظوری دی تاکہ اِن مراکز میں طبی نگہداشت کی سہولیات بہتر ہوں ۔ انہوں نے پرائمری سکولوں کے لئے بیت الخلاءسہولیات قائم کرنے کے لئے رقومات بھی وا گزار کیں ۔

بے روزگاری شرح

رواں مالی سال کی، اکتوبر سے دسمبر تک کی سہ ماہی کے دوران، 15 سال اور ا

س سے زیادہ عمر والے افراد کی، بے روزگاری کی شرح میں کمی آکر 6 اعشاریہ 4 فی□د ہو ± گئی ہے۔

اعداد و شمار اور پروگرام پر عمل درآمد کی وزارت کے جاری کردہ، مزدوروں سے متعلق، وقتاً فوقتاً کرائے جانے والے سروے کے مطابق، اِس مدّت کے دوران، مردوں کی بے روزگاری کی شرح 5 اعشاریہ 8 رہی اور خواتین کی بے روزگاری کی شرح، 8 اعشاریہ ایک فی□د رہی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ